مائشہ نام کا مطلب کیا ہے؟

مجیب: مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2145

تاریخ اجراء: 16 ربیع الثانی 1445ھ / 01 نومبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

مائشہ نام کا مطلب کیا ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

"مائشۃ" عربی زبان کے مصدر میش سے اسم فاعل واحد مؤنث کا صیغہ ہے جس کا معنی ہے: "ملانے والی۔"

المعجم الوسیط میں ہے "ماش الشیء بالشیء میشا: ملانا" (المعجم الوسیط، صفحہ 1111، مطبوعہ: لاہور)

معنی کے اعتبار سے یہ نام رکھنا جائز تو ہے، البتہ! بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، نانیوں، دادیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے، کہ اس کی وجہ سے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی شامل حال ہو گی۔ اور حدیث پاک پر عمل بھی ہو گا کہ حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے۔

نوٹ: نام رکھنے کے حوالے سے مزید معلومات اور ناموں کے انتخاب کے لیے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب بنام "نام رکھنے کے احکام" کا درج ذیل لنک سے مطالعہ فرمائیں:

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net